**Model Question Paper**

**Class-12th Subject- Urdu**

**MM 80** **Time 3 Hours**

**عمومی ہدایات**

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

2۔ ہر سوال کے سامنے درج نمبرات اسی سوال کے لیے مخصوص ہیں۔

3۔ امیدوار اپنے جوابات حتی الامکان اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

4۔ جہاں داخلی انتخاب دیا گیا ہو وہاں صرف ایک سوال حل کیجیے۔

5۔ اس سوالیہ پرچہ کو PARAKH Taxonomy کے مطابق Knowledge ، Understanding، Application، Analysis اور Creativity کی سطحوں کو مد نظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔

## (Section-A)

## (Knowledge, Understanding, Appreciation)

**سوال نمبر 1 درج ذیل سوالات کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** **16×1=16**

**1۔ اردو مکتوب نگاری کو باقاعدہ صنفِ ادب کا درجہ کس نے دیا؟**

A. حالی

B. سر سید احمد خاں

C. مرزا غالب

D. شبلی نعمانی

**2۔ ''تنقیدی مضمون'' کے مصنف کون ہیں؟**

A. احتشام حسین

B. آل احمد سرور

C. مجنوں گورکھپوری

D. کلیم الدین احمد

**3۔ مختصر افسانہ کے مصنف کون ہیں؟**

A.راجندر سنگھ بیدی

B.پریم چند

C.بلونت سنگھ

D.کرشن چندر

**4۔ ''آپ بیتی،، کس صنفِ ادب سے تعلق رکھتی ہے؟**

A.خاکہ

B.سفرنامہ

C.سوانح عمری

D.خودنوشت

**5۔ رپورتاژ میں کس چیز کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے؟**

A. تخیل

B.مکالمہ

C.مشاہدہ

D.منظر نگاری

**6۔ انشائیہ کی زبان عام طور پر کیسی ہوتی ہے؟**

A.سادہ

B.خشک

C.شگفتہ

D.رسمی

**7۔ طنز و مزاح کے معروف مصنف کون ہیں؟**

A.مشتاق احمد یوسفی

B.کرشن چندر

C.پطرس بخاری

D.شوکت تھانوی

**8۔ سفرنامہ کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟**

A.شاعری

B.داستان

C.نثری ادب

D.ڈرامہ

**9۔ خاکہ نگاری میں کس چیز کو نمایاں کیا جاتا ہے؟**

A.پلاٹ

B.کردار

C.مکالمہ

D.منظر نگاری

**10۔ حالی کس ادبی تحریک سے وابستہ تھے؟**

A.ترقی پسند تحریک

B.علی گڑھ تحریک

C.جدیدیت

D.حلقۂ اربابِ ذوق

**11۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟**

A.مقطع

B.مطلع

C.بند

D.رباعی

**12۔ شاعر کے تخلص والے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟**

A.بند

B.مطلع

C.قطعہ

D.مقطع

**13۔ رباعی میں کتنے مصرے ہوتے ہیں؟**

A.دو

B.تین

C.چار

D.پانچ

**14۔ نظم کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟**

A.وحدتِ خیال

B.ردیف

C.بحر

D.قافیہ

**15۔ غزل کے ہر شعر میں کتنے مصرے ہوتے ہیں؟**

A.ایک

B.دو

C.تین

D.چار

**16۔ آپ بیتی کا بنیادی موضوع کیا ہوتا ہے؟**

A.تاریخی واقعات

B.قومی مسائل

C.ذاتی زندگی کے حالات

D.فرضی کردار

## Section-B

## (Understanding, Analysis, Application)

**سوال نمبر-17 مندرجہ ذیل غیر دیکھی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ (5×2=10)**

انسانی زندگی میں کتابوں کی اہمیت مسلم ہے۔ کتابیں نہ صرف علم میں اضافہ کرتی ہیں بلکہ انسان کی شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اچھی کتابیں انسان کے خیالات کو وسعت دیتی ہیں اور اس کے اندر مثبت سوچ پیدا کرتی ہیں۔ موجودہ دور میں اگرچہ انٹرنیٹ اور جدید ذرائع ابلاغ نے معلومات کے بے شمار ذرائع فراہم کیے ہیں، لیکن کتاب کی افادیت آج بھی اپنی جگہ قائم ہے۔ کتابیں انسان کی بہترین دوست ہیں کیونکہ وہ تنہائی میں اس کا ساتھ دیتی ہیں اور زندگی کے مختلف مسائل کے حل میں رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔

**سوالات**

**(1)** کتابوں کی اہمیت کس لحاظ سے مسلم ہے؟

**(2)** اچھی کتابیں انسان پر کیا اثر ڈالتی ہیں؟

**(3)** موجودہ دور میں معلومات کے کون کون سے ذرائع موجود ہیں؟

**(4)** کتابوں کو انسان کی بہترین دوست کیوں کہا گیا ہے؟

**(5)** عبارت کا مناسب عنوان لکھیے۔

## SECTION – C

(Expression, Creativity, Application)

**سوال نمبر 18 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر تقریباً 100 تا 110 الفاظ میں مضمون تحریر کیجیے۔ (1×10=10)**

1۔ نئی تعلیمی پالیسی اور طلبہ کی ذمہ داریاں۔

2۔ ماحولیاتی آلودگی اور اس کا تدارک۔

3۔ سوشل میڈیا: فوائد اور نقصانات۔

## SECTION – D

(Expression, Application)

**سوال نمبر 19** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ **(1×8=8)**

1۔ اپنے دوست کو ایک خط لکھیے جس میں امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی گئی ہو۔

یا

2۔اپنے کالج کے پرنسپل کے نام ایک درخواست تحریر کیجیے جس میں خاندانی مجبوری کی وجہ سے تین دن کی رخصت کی استدعا کی گئی ہو۔

## SECTION – E

(Understanding, Analysis, Evaluation)

**سوال نمبر 20:** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ **(2×5=10)**

1۔ مکتوب نگاری کی دو اہم خصوصیات لکھیے۔

2۔تنقیدی مضمون سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

3۔ مختصر افسانہ کی دو نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔

4۔ آپ بیتی اور سوانح عمری میں ایک فرق لکھیے۔

5۔ رپورتاژ نگاری میں مشاہدے کی کیا اہمیت ہے؟

6۔ انشائیہ کی زبان کیسی ہونی چاہیے؟

7۔ طنز اور مزاح میں کیا فرق ہے؟

**سوال نمبر 21** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔ **(3×2=6)**

1۔ غزل کی تعریف کیجیے۔

2۔ مطلع اور مقطع میں فرق بیان کیجیے۔

3۔ نظم میں وحدتِ خیال سے کیا مراد ہے؟

4۔ رباعی کی ساخت بیان کیجیے۔

5۔ حالی کی شاعری کا ایک نمایاں وصف لکھیے ؟

**سوال نمبر 22 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو سوالوں کے جواب تقریباً 40 تا 50 الفاظ میں دیجیے۔ (2×5=10)**

1۔ "آپ بیتی" کو خود نوشت سوانح عمری کیوں کہا جاتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

2۔ رپورتاژ کی ادبی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

3۔ طنز و مزاح کی معاشرتی افادیت بیان کیجیے ۔

**سوال نمبر 23 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 60 الفاظ میں دیجیے۔ (1×6=6)**

1۔ سفرنامہ نگاری کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے اس کی ادبی اہمیت پر اظہارِ خیال کیجیے۔

**یا**

2۔ خاکہ نگاری کی تعریف کرتے ہوئے ایک اچھے خاکے کی خصوصیات بیان کیجیے۔

**سوال نمبر 24 مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 50 الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (1×4=4)**

1۔ گلستانِ ادب میں شامل اصنافِ نثر میں سے آپ کو کون سی صنف سب سے زیادہ پسند ہے؟ وجوہات کے ساتھ اظہارِ خیال کیجیے۔

یا

2۔ غزل اردو شاعری کی مقبول ترین صنف ہے۔ اس بیان کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجیے



Manzoor Ahmed

Urdu Teacher : GSSS Ganed

## Format of Design (Language Subjects)

### Question Paper/Test

Subject: URDU
Unit/Paper: URDU
Class: 12th
Time: 3 Hours
Marks: 80 Marks

**Weightage to Objectives**

| Objective | Knowledge of language elements | Comprehension | Expression | Appreciation | Total |
|---|---|---|---|---|---|
| Percentage of Marks | 27.5% | 12.5% | 27.5% | 32.5% | 100% |
| Marks | 22 | 10 | 22 | 26 | 80 |

**Weightage to form of question:**

| Forms of Questions | E/LA | SA | VSA | O (MCQ) | Total |
|---|---|---|---|---|---|
| No. Of Questions | 6 | 2 | — | 16 | 24 |
| Marks allotted | 48 | 16 | — | 16 | 80 |
| Estimated time | | | | | |

**Weightage to Major Content Areas:**

| S.No. | Unit/Sub-Units | Marks |
|---|---|---|
| 1. | Section – A | 16 |
| 2. | Section – B | 10 |
| 3. | Section – C | 10 |
| 4. | Section – D | 08 |
| 5. | Section – E | 36 |
| 6. | | |
| Total | | 80 |

Schemes of Sections V section Based pattern
Pattern of Options objective, Knowledge, Understanding Appreciation, Analysis based

| | | | |
|---|---|---|---|
| Estimated difficulty level: | Difficult | 30 | %marks |
| | Moderate | 35 | %marks |
| | Easy | 35 | %marks |

**Index of Abbreviations:**

(E/LA: Essay/Long Answer; SA: Short Answer; VSA: Very Short Answer; O: Objective)

## 3. BLUE PRINT (LANGUAGE)

FORMAT OF BLUEPRINT (Language)

Subject : URDU

Unit/Paper: : URDU

Max Marks : 80

Class : 12Th

Time : 3 Hours

| S. No. | Objective → / Form of Questions / Content Unit/ Sub Unit | Elements of Language | | | | Comprehension | | | | Expression | | | | Appreciation | | | | Total Row Wise |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | E | SA | VSA | O | E | SA | VSA | O | E | SA | VSA | O | E | SA | VSA | O | |
| Q1–16 | Gulistane Adab | — | — | — | 16 | → | | | | | | | | | | | | 16 |
| Q-17 | —"— | | | | | 10 | | | | | | | | | | | | 10 |
| Q.18 | Grammar | | | | | | | | | 10 | | | | | | | | 10 |
| Q-19 | —"— | | | | | | | | | 08 | | | | | | | | 08 |
| Q.20 | Gulistane Adab | | | | | | | | | | | | | | 10 | | | 10 |
| Q.21→ | —"— | | | | | | | | | | | | | | 06 | | | 06 |
| Q-22→ | —"— | | | | | | | | | | | | | 10 | | | | 10 |
| Q-23– | ~~Sub Total~~ —"— | | | | | | | | | | | | | 06 | | | | 06 QS (Marks) |
| Q.24 | —"— | | | | | | | | | 04 | | | | | | | | 04 |
| | ~~SUB TOTAL~~ Total Column → Wise | | | | 16 (Marks Total) (16) | 10 (Marks Total) (10) | | | | 22 (Marks Total) (22) | | | | 16 | 16 (Marks Total) (32) | | | 80 Marks |

Notes: Figures within brackets to indicate the number of questions and figures outside the brackets to indicate marks.
Denotes those marks have been combined to form one question.

| Summary: | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | Essay (E) | No. 06 | Marks 48 | Pattern of Options | |
| | Short Answer (SA) | No. 02 | Marks 16 | | |
| | Very Short Answer (VSA) | No. — | Marks — | Scheme of Sections | |
| | Objective (O) | No. 16 | Marks 16 | | |
| | | 24 | 80 | | |